# 7836-میڈیکل چیک اپ کے لیے پرائیویٹ ہاسپٹل مریض بھیج کر کمیشن حاصل کرنا

## سوال

پرائیویٹ ہاسپٹل والے سرکاری ہاسپٹل کے ڈاکٹروں کو کہتے ہیں کہ جب تم مریض ہمارے پاس ایسے ٹیسٹوں کے لیے بھیجو گے جو ہمارے علاوہ کسی دوسرے کے پاس نہیں تو ہم تمہیں اس فیس میں سے کچھ رقم بطور کمیشن دیں گے، توکیا یہ رشوت توشمار نہیں ہوتی ؟

## پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کا جواب تھا :

یہ رشوت اورفسادی راہ ہے، اور ممکن ہے کہ یہ کام ڈاکٹروں کو مریضوں کے ساتھ دھوکہ کی طرف لے جائے اوروہ مریض سے جھوٹ بھول کراسے سرکاری اور مفت ہاسپٹلوں سے پرائیویٹ ہاسپٹلوں کی طرف بھیجیں کہ اوریہ گمان کریں کہ اس کا علاج یا پھراسے ٹیسٹ کرنے کے آلات سرکاری ہاسپٹلوں میں نہیں حالانکہ یہ سب کچھ سرکاری ہاسپٹلوں میں موجود ہے.

واللہ اعلم.